© rasailojaraid.com



دین کے لیے یہ کتاب لکھی ہے جس کے چار حصے ہیں، انہی کے ساتھ ایک اُردو قاعدہ بھی ہے جس میں حروف تہجی کی ترتیب آسان فہم اور جدید طریقہ پر کی گئی ہے۔ پہلے حصہ میں پانچ باب ہیں جن میں پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض سوانح حیات لکھے گئے ہیں، دوسرے باب میں عقائد اسلام کا بیان ہے۔ تیسرے میں عبادات واحکام لکھے گئے ہیں چوتھے میں چند اخلاقی نصیحتیں ہیں اور پانچویں باب میں حضرات خلفائے اربعہ کے سوانح حیات ہیں۔ زبان سلیس صاف اور شگفتہ ہے، بچوں کے لیے یہ کتاب ازبس مفید ہے۔ کتاب کے بقیہ تین حصے بھی انہی ابواب پر مشتمل ہیں لیکن مصنف گرامی قدر نے یہ خوب کیا ہے کہ تعلیم میں ترقی کے ساتھ ساتھ وہ ہر حصۂ مابعد کا معیار سابق حصہ کی بہ نسبت بلند کرتے چلے گئے ہیں، اور معلومات، زبان اور انداز بیان ہر اعتبار سے ایک حصہ دوسرے حصہ سے ممتاز ہے۔ یہ چاروں حصے اگر بچوں کو اوّل سے آخر تک اسکول کی تعلیم کے زمانہ میں پڑھا دیے جائیں تو اس میں شبہ نہیں اس سے بہت کچھ فوائد کی توقع کی جاسکتی ہے۔ بچوں کو دینی عقائد سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی سوانحعمری، عبادات اور احکام اسلام، مشہور و معروف بزرگان اسلام کے سوانح حیات یہ سب چیزیں بسط وتفصیل کے ساتھ معلوم ہو جائینگی۔ ہماری رائے میں گلدستہ تعلیم اسلام کا یہ سلسلہ وقت کے تقاضے کے مطابق ہے اور ضرورت ہے کہ اس کو اسکولوں کے نصاب تعلیم میں شامل کیا جائے۔ کتابت طباعت عمدہ اور دیدہ زیب، کاغذ سفید اور چکنا۔ حصہ اول ۳ر حصہ دوم ۵ر حصہ سوم ۶ر چوتھے حصہ کی قیمت درج نہیں غالباً ۸ر ہوگی۔

ملنے کا پتہ:۔ کتب خانہ انصاریہ جالندھر شہر بازار شیخاں۔

**طبی صحیفہ چاندپور** | چیف اڈیٹر حکیم ڈاکٹر سید علی اکبر صاحب آزاد۔ سائز ۲۰×۳۰ کتابت طباعت اور کاغذ متوسط ضخامت ۴۴ صفحات سالانہ چندہ عہ ملنے کا پتہ:۔ ناظم یو پی طبی سوسائٹی چاندپور ضلع بجنور۔



© rasailojaraid.com